PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/FAS/CIR/02-2026/984 تاریخ: 18 فروری 2026

محترم سکول مالک/پرنسپل (FAS,EVS,NSP)

عنوان: داخلہ پالیسی (FAS,EVS,NSP) برائے تعلیمی سال 27-2026

السلام علیکم!

تعلیمی سال 27-2026 کا آغاز **یکم اپریل 2026** سے ہو رہا ہے۔ پیف اسکول مالکان کی سہولت کے لیے داخلہ پالیسی برائے تعلیمی سال 27-2026 کا اعلان قبل از وقت کیا جا رہا ہے تاکہ اسکول مالکان داخلہ مہم کا آغاز کر سکیں۔ نئے بچوں کے داخلہ کے لیے SIS Portal کا آغاز **یکم مارچ 2026** سے کیا جائے گا تاکہ تمام پارٹنر اسکولز بچوں کے ب فارم، بچوں کی تصاویر اور دیگر ضروری دستاویزات مکمل کر کے SIS میں بچوں کا اندراج کر سکیں۔

اس سلسلے میں **FAS, EVS, NSP کی داخلہ پالیسی برائے تعلیمی سال 27-2026 کے اہم نکات درج ذیل ہیں:**

الف: داخلہ پالیسی

1. نیا تعلیمی سال **یکم اپریل 2026** سے شروع ہو گا۔ **داخلہ کا دورانیہ یکم مارچ 2026 سے 31 مارچ 2026 تک ہو گا۔**
2. SIS میں داخلوں کی اجازت **یکم مارچ 2026** سے ہو گی اور Final Submission کی سہولت **یکم مارچ 2026 سے 07 اپریل 2026 تک ہو گی۔**
3. تمام اسکولز کو پاس آوٹ اور یکم مارچ 2025 تا 28 فروری 2026 کے دوران ڈراپ آوٹ کئے گئے بچوں کی تعداد کے مطابق پالیسی کیپ کے اندر رہتے ہوئے داخلے کی اجازت ہو گی۔ تاہم ایسے اسکولز جن کے پاس آوٹ اور ڈراپ آوٹ کئے گئے بچوں کی تعداد 50 یا اس سے کم ہے ان کو پاس آوٹ اور ڈراپ آوٹ کی تعداد کے علاوہ 50 مزید بچوں کا داخلہ کرنے کی اجازت ہو گی۔
4. ایسے تمام اسکولز جن کی انرولمنٹ 100 سے کم ہے، ان تمام اسکولز کو پالیسی کیپ کے اندر رہتے ہوئے داخلے کی اجازت ہو گی۔
5. بحوالہ سرکلر نمبر PEF/CIR/FAS/12-2025/679 بتاریخ 05 دسمبر 2025، ایسے تمام اسکولز جن کو نئے لیول کی منظوری دی جائے گی وہ نئے منظور شدہ لیول میں پالیسی کیپ کے اندر رہتے ہوئے داخلے کر سکتے ہیں۔ تاہم پہلے سے منظور شدہ لیول میں شق نمبر 3 کے تحت داخلے کی اجازت ہو گی۔
6. ایسے اسکول جن میں منظور شدہ لیول کے مطابق کسی بھی جماعت میں کوئی بچہ داخل نہیں ان تمام جماعتوں میں داخلوں کو ترجیح دی جائے۔ مزید برآں، ایسے اسکول جن کے ابتدائی جماعت نرسری، ششم یا نہم ہے انہیں ان جماعتوں میں بچے داخل کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔
7. NSP کے ایسے اسکول جن کی انرولمنٹ 250 یا 250 سے زائد ہو گی ان کے لیے ہر جماعت کے لیے الگ کمرہ اور استاد فراہم کرنا لازم ہے

8. ایسے تمام طلباء جو مسلسل دو دفعہ فزیکل ویریفائی نہیں ہوتے، ان کو ماہانہ ادائیگی کے لیے شمار نہیں کیا جاتا۔ لہذا ایسے بچوں کو نئے تعلیمی سال میں دوبارہ داخلے کی اجازت ہوگی۔ SIS میں تمام نئے داخل کیے گئے بچوں کا اندراج **31 مارچ 2026** تک کرنا لازمی ہے۔ نئے داخل کیے گئے بچوں کے کوائف Save کرنے کے بعد **07 اپریل 2026** تک ان میں درستگی کی جاسکتی ہے۔ البتہ **07 اپریل 2026** (Final Submit کی آخری تاریخ) کے بعد کسی قسم کی ترمیم یا درستگی کی سہولت دستیاب نہیں ہوگی۔ مزید یہ کہ مقررہ تاریخ (**31 مارچ 2026**) کے بعد کسی بھی بچے کو داخل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

9. SIS میں پہلے سے موجود Pending Status والے تمام بچوں کو صرف **07 اپریل 2026** تک ہی Final Submit کرنے کی اجازت ہوگی۔

10. جو طلباء اسکول چھوڑ کر جاچکے ہوں ان کو فوری طور پر SIS سے خارج کردیں۔ واضح رہے **07 اپریل 2026** تک SIS کو بھی اپ ڈیٹ کرنا لازمی ہے۔

ب: پروموشن پالیسی

11. پیف، آن لائن پروموشن کے ذریعے **28 فروری 2026** کو SIS میں موجود تمام طلباء کو اسکول کے منظور شدہ لیول کے مطابق اگلی کلاسوں میں پروموٹ اور پاس آوٹ کردے گا۔

12. آن لائن پروموشن کے بعد **07 اپریل 2026** تک ڈبل پروموشن کرنے کی اجازت ہوگی۔ اسکے بعد یہ سہولت مہیا نہیں کی جائے گی۔

13. جماعت نہم اور دہم میں نیا داخلہ کرتے وقت بچوں کے منتخب کردہ گروپس یعنی ٹیک، سائنس، آرٹس، یا کمپیوٹر سائنس کا درست اندراج لازمی ہے۔ اس کے بغیر SIS میں جماعت نہم اور دہم کے بچوں کا اندراج نہیں ہوگا۔ نیز پہلے سے داخل شدہ جماعت نہم اور دہم کے کسی بھی طالبِ علم کا گروپس یعنی سائنس، آرٹس یا کمپیوٹر سائنس اگر منتخب نہیں تو وہ بھی **07 اپریل 2026** تک درست گروپ کا انتخاب کرلیں۔

14. ایسے تمام اسکولز جن کے بچے کلاس ہشتم سے کلاس نہم میں پروموٹ کیے جائیں گے ان کے لیے لازم ہے کہ وہ جماعت نہم کے تمام بچوں کے گروپس برائے ٹیک، سائنس، آرٹس یا کمپیوٹر سائنس کو SIS میں **07 اپریل 2026** تک لازماً منتخب کرلیں۔ واضح رہے کہ طلباء کے درست گروپس کا انتخاب ماہانہ ادائیگی کے لیے لازم ہے اور ان طلباء کی ماہانہ ادائیگی مانیٹرنگ رپورٹ میں تصدیق شدہ مضامین کے مطابق ہوگی۔ غلط مضامین منتخب کرنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری اسکول مالکان پر عائد ہوگی۔

15. ایسے سکول جو مڈل یا سیکنڈری لیول میں صرف بوائز یا صرف گرلز کی تعلیم فراہم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں وہ کسی ایک صنف (بوائز یا گرلز) کو پاس آؤٹ کروانے کے لیے 10 مارچ 2026 تک SIS میں کمپلینٹ ٹائپ Active Pass out منتخب کریں اور مطلوبہ جماعت اور صنف کی مکمل تفصیل کے ساتھ کمپلینٹ رجسٹرڈ کریں۔

ج: ڈیموشن پالیسی

16. جماعت نرسری، پریپ، اول اور دوئم (Nursery, Prep, One & Two) کے بچوں کو فیل (Demote) کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ باقی ماندہ جماعتوں میں سکول کی مجموعی تعداد کا زیادہ سے زیادہ 5% فیل (Demote/Detain) کرنے کی اجازت ہوگی۔ تاہم نہم اور دہم کلاسز اس پالیسی سے مستثنیٰ ہوں گی اور ان کلاسز کے بچوں کو BISE کے جاری کردہ نتائج کے مطابق پاس یا فیل کیا جاسکے گا۔

17. اسکول میں کسی بھی طالب علم کو ڈبل ڈیموٹ (Double Demote) کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

18. تیسری تا آٹھویں کلاسز کے فیل ہونے والے طلباء کو **07 اپریل 2026** تک Demote/Detain کرنا لازم ہے اسکے بعد یہ سہولت مہیا نہیں کی جائے گی اور مقررہ تاریخ (**07 اپریل 2026**) کے بعد کسی بھی بچے کی کلاس کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

د: مائیگریشن پالیسی

19. بحوالہ سرکلر PEF/FAS/CIR-/03-2023/3319 بتاریخ 13 مارچ 2023، SIS میں مائیگریشن کی سہولت **یکم اپریل 2026 تا موسمِ گرما کی تعطیلات کے آغاز تک** مہیا کر دی جائے گی جس کے مطابق ایسے طلباء جو کسی دوسرے پیف اسکول سے **یکم اپریل 2026** کے بعد خارج ہوں گے ان طلباء کو اسکول مالک اپنے اسکول میں مائیگریشن پالیسی کے مطابق داخل کر سکتا ہے۔

20. بحوالہ سرکلر PEF/FAS/CIR-/03-2023/3319 بتاریخ 13 مارچ 2023، SIS میں Reactive کی سہولت **یکم اپریل 2026 تا موسمِ گرما کی تعطیلات کے آغاز تک** مہیا کر دی جائے گی جس کے مطابق اگر کوئی طالب علم **یکم اپریل 2026 سے موسمِ گرما کی تعطیلات کے آغاز تک** غلطی سے SIS میں Drop Out ہو جاتا ہے تو PEF پارٹنرز کے پاس اختیار ہوگا کہ وہ 10 دن کے اندر اسی اسکول کے SIS میں Drop Out کیے گئے طالبعلم کو دوبارہ شامل/فعال (Re-Active) کر سکتا ہے۔

ر: طالبعلموں کیلئے ب فارم پالیسی

21. نئے داخلے کے لیے بچوں کا "ب فارم" لازم ہے۔ صرف انہی بچوں کے داخلے کی اجازت ہوگی جن کا "ب فارم" موجود ہوگا۔ مزید برآں والدین/سرپرست کے شناختی کارڈ کے بغیر کسی بھی طالب علم کو داخلہ نہیں دیا جائے گا کیونکہ ان بچوں کی مالی امداد بطور اسکول فیس براہِ راست "Conditional Cash Transfer" کے زمرے میں آتی ہے جسکی شفافیت کیلئے SIS میں والدین/سرپرست کے شناختی کارڈ اور دیگر کوائف کا اندراج لازمی ہیں۔ SIS میں غلط شناختی کارڈ/"ب فارم" کے اندراج کی قطعی اجازت نہ ہے۔ یاد رہے کہ درج کیے گئے ب فارم نمبر کو نادرا سے ویری فائی کیا جاتا ہے۔ جس بچے کا ب فارم نادرا سے تصدیق نہ ہو اس کو SIS انرولمنٹ کا حصہ نہیں بنایا جائے گا اور غلط ب فارم درج کرنے کی صورت میں اسکول مالک کے خلاف ضابطہ کے مطابق کاروائی بھی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

22. این ایس پی-سی ڈی اے اسکولز (NSP-CDA Schools) کو بغیر ب فارم داخلہ کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ البتہ تین ماہ کے اندر (یکم مئی تا 31 جولائی 2026) تمام بچوں کے ب فارم بنوا کر SIS میں اندراج کرنا لازمی ہے بصورت دیگر متعلقہ بچوں کی ادائیگی روک دی جائے گی۔

23. نئے داخل کیے گئے تمام بچوں کی واضح اور حالیہ تصویر جو کہ ایک ماہ سے پُرانی نہ ہو، SIS میں 07اپریل2026 تک اپ لوڈ کرنا لازم ہے۔ تصاویر کے بغیر داخلے کی اجازت نہ ہو گی۔ یاد رہے تصویر دیئے گئے سیمپل کے مطابق ہونی چاہئے۔ مزید برآں جو بچیاں سر پر اسکارف کا استعمال کرتی ہیں اُن کی تصاویر بھی واضح چہرہ کے ساتھ اپ لوڈ کی جائیں۔




س: ریکارڈ مرتب کرنے کی ہدایات

24. ایسے اسکول مالکان جو متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق داخل/خارج رجسٹر اسکول کے لیول کے مطابق کرنے کے لیے (باوجود اس کے کہ وہ اسکول میں داخل ہیں) بچوں کو SIS میں سے خارج کرتے ہیں، ان کی سہولت کے لیے SIS میں نئے داخلہ نمبر کی فیلڈ شامل ہے۔ لہذا ایسے تمام بچوں کو SIS میں سے خارج کیے بغیر وہ نئے داخلہ نمبر کے ساتھ ان کا ریکارڈ SIS میں اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔

25. اسکول مالک ہر ماہ کی 10 تاریخ تک آن لائن "SIS Monthly Update Form" جمع کروانے کا پابند ہے۔ جمع نہ کروانے کی صورت میں ماہانہ ادائیگی نہ ہو گی۔

نوٹ:

i. SIS میں اندراج اور Final Submit کئے گئے بچوں کی ادائیگی نادرا اور فزیکل ویری فیکیشن کے بعد داخلے کی آخری تاریخ سے کی جائے گی۔

ii. تمام اسکول مالکان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اسکول رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی بروقت تجدید کروالیں۔

iii. تمام ادائیگیاں برائے مالی سال 27-2026، حکومتی منظوری اور محکمانہ قواعد وضوابط کے تحت بجٹ کی فراہمی سے مشروط ہیں۔

خیر اندیش

18/02/2026.

ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (پیف)